سوال

مرزاغلام احمدقادیانی جھوٹا نبی تھا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گزارش ہے کہ قادیانی جماعت اوراس کے نام نہاد نبی غلام احمدقادیانی کے بارے میں اسلام کا حکم بیان فرمائیں اور براہ کرم کچھ کتابیں بھی ارسال فرمائیں جواس جماعت کے متعلق معلومات فراہم کرتی ہوں کیونکہ مجھے ان کے متعلق مطالعہ کا شوق ہے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ پر نبوت کا سلسلہ ختم ہوچکا ہے ۔ لہٰذا نبیa کے بعد کوئی نبی نہیں ہے ۔ اس کے دلائل قرآن مجید اوراحادیث صحیحہ میں موجود ہیں اس لئے رسول اللہ ﷺ کے بعد جو شخص نبوت کا دعویٰ کرتا ہے وہ کذاب ہے ایسے ہی جھوٹے لوگوں میں سے ایک غلام احمدقادیانی بھی ہے ۔ اس کا اپنے بارے میں نبوت کا دعویٰ جھوٹ ہے اور قادیانی جو سمجھتے ہیں کہ اس کا دعویٰ ثابت ہوچکا ہے یہ ان کا غلط خیال ہے ۔

سعودی عرب کی ''مجلس ہیئۃ کبار علمائ''کی طرف سے قادیانیوں کوایک کافر قرار دیا جاچکا ہے ۔
ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ